بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورۃ الفاتحۃ

الحمد للہ [2]

اللہ تعالی کی حمد کیلیئے اس جگہ کوئی ظرف مکان یا ظرف زمان ذکر نہیں ہوا ہے۔البتہ سورۃالروم میں مذکور ہے کہ اس کا ظرف مکان آسمان اور زمین ہے۔فرمایا: وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ [الروم: 18] ***اور سورۃ القصص میں اس کا ظرف زمان دنیا اور آخرت ذکر کیا گیا ہے۔فرمایا:*** وَهُوَ اللَّهُ لا إِلَـهَ إِلا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الأُولَى وَالآخِرَةِ [القصص: 70] ***دوسری جگہ فرمایا:*** وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الآخِرَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ(1) [سبأ: 1]

رب العالمین [2]

یہاں پر عالمین کو بیان نہیں کیا گیا۔دوسری جگہ پر بیان کیا ہے۔فرمایا: قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعَالَمِينَ(23) قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إن كُنتُم مُّوقِنِينَ(24)

الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ [3]

رحمٰن اور رحیم رحمۃ سے مشتق ہیں رحمٰن میں رحیم کی بنسبت زیادہ مبالغۃ ہے کیونکہ رحمٰن میں دنیا کی تمام مخلوق پر اور آخرت میں ایمان والوں پر رحمت ہے۔ جبکہ رحیم میں ایمان والوں پر رحمت ہے۔ اس کی تائید ان آیات سے ہوتی ہے۔ الرَّحْمنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى(5) [طه:5] أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلا الرَّحْمنُ [الملك : 19] الرَّحْمنُ(1)عَلَّمَ الْقُرْآنَ(2) [الرحمن: 1-2] وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا(43) [الأحزاب: 43] هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا(43)[الأحزاب:43] لَقَدْ تَابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالأنْصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَحِيمٌ [التوبة:117]

مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ [4]

یہاں یوم الدین کی تفصیل نہیں ہے ہاں دوسری جگہ موجود ہے۔ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (17) ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (18) يَوْمَ لا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَيْئًا[الانفطار : 17-19] ***اور یہاں دین سے مراد جزاء ہے اسی سے اللہ تعالی کا یہ قول بھی ہے۔*** يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ [النور : 25]

إِيَّاكَ نَعْبُدُ [5]

اس میں اللہ کے غیر سے عبادت کی نفی اور اللہ تعالی کیلئے عبادت کا اثبات ہے۔ اس معنی کو کئی آیتوں میں بیان کیا گیا ہے۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ [البقرة: 21] فَلا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ(22) [البقرة: 22] وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولاً أَنِ اُعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ [النحل: 36] فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى [البقرة: 256] إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لابِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِمَّا تَعْبُدُونَ(26)إِلا الَّذِي فَطَرَنِي [الزخرف: 26-27] وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ إِلا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لا إِلـــهَ إِلا أَنَا فَاعْبُدونِ(25) [الأنبياء: 25] وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِنْ دُونِ الرَّحْمنِ آلِهَةً يَعْبُدُونَ(45) [الزخرف: 45]

وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ(5)

اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ توکل اسی ذات پر ہونا چاہیئے جو عبادت کے لائق ہو۔ اس کی وضاحت اور مقامات پر آئی ہے۔ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ [هود:123] فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لا إِلـــهَ إِلا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ [التوبة: 129] رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لا إِلـــهَ إِلا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلاً(9) [المزمل: 9] قُلْ هُوَ الرَّحْمنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا [الملك :29]

صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ [7]

جن لوگوں پر انعام فرمایا ان کی تفصیل یہاں نہیں ہے دوسری جگہ بیان فرمائی ہے۔ فَأُولَئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولَئِكَ رَفِيقًا(69) [النساء : 69]

غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ(7)

مغضوب علیھم سے مراد یہود ہیں۔ ان کے بارے میں اللہ نے دوسرے مقامات پر فرمایا فَبَاءُوا بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ [البقرة: 90] قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِنْ ذَلِكَ مَثُوبَةً عِنْدَ اللَّهِ مَنْ لَعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ [المائدة:60] إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ [الأعراف: 152]

وَلَا الضَّالِّينَ(7)

ضالین سے مراد نصاری ہیں۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ(77)[المائدة: 77]

سورة البقرة

هُدًى لِلْمُتَّقِينَ(2)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن متقین کیلئے ہدایت ہے۔ متقین کے علاوہ دوسرے لوگوں کیلئے ہدایت نہیں ہے اور اسی مفہوم کی تصریح دوسری آیات میں بھی آئی ہے۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ وَالَّذِينَ لا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى [فصلت: 44] وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ وَلا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلا خَسَارًا(82) [الإسراء : 82] وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَذِهِ إِيمَانًا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ(124)وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ كَافِرُونَ(125) [التوبة: 124-125] وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا [المائدة: 64]

وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ(3)

ومما رزقنٰهم **میں من تبعیضیت ہے۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا مال اللہ کیلئے خرچ نہیں کرنا بلکہ اس کا کچھ حصہ خرچ کرنا ہے اب کتنا کرنا ہے اس کی تفصیل۔ یہاں مذکور نہیں ہوئی۔ہاں اور مقامات پر تعین کی گئی ہے۔**
وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ [البقرة: 219] وَلا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَى عُنُقِكَ وَلا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ [الإسراء: 29] وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَامًا(67) [الفرقان: 67]

خَتَمَ اللهُ عَلَي قُلُوبِهِمْ وَعَلَي سَمْعِهِمْ وَعَلَي أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عظِيمٌ[7]

وَعَلَي سَمْعِهِمْ وَعَلَي أَبْصَارِهِمْ **میں واؤ عطف کیلئے ہے یا استئنافیہ ہے۔ دونوں کا احتمال رکھتا ہے لیکن یہاں وضاحت نہیں کی گئی ہے۔البتہ دوسری جگہ اس کی وضاحت موجود ہے کہ وعلی سمعھم میں واؤ عطف کیلئے ہے اور وعلی ابصارھم میں واؤ استئنافیہ ہے۔** أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللهُ عَلَي عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَي سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَي بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللهِ أَفَلا تَذَكَّرُونَ [الجاثية: ٢٣]

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ(8)

یہاں ان منافقین کا بیان نہیں ہوا یہاں دوسری جگہ بعض منافقین کی تصریح موجود ہے۔ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الاعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ [التوبة: 101]

اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ [15]

یہاں پر ان کے ساتھ استھزاء کی کوئی صورت بیان نہیں ہوئی سورۃ حدید میں بعض استھزاء کا ذکر موجود ہے۔ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا [الحديد:13]

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ [18]

یہاں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ منافقین گونگے بہرے اور اندھے ہیں لیکن دوسری جگہ بیان کیا گیا کہ اس سے مراد یہ اپنے کانوں آنکھوں اور دلوں سے فائدہ حاصل نہیں کرتے۔ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلا أَبْصَارُهُمْ وَلا أَفْئِدَتُهُمْ مِنْ شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ(26) [الأحقاف: 26]

أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ [19]

اس آیت میں اللہ تعالی نے حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لائے ہوئے علم اور ھدایت کی مثال بارش سے دی ہے۔اسلئے کہ علم اور ھدایت سے روح کی زندگی ہے جیسے کہ بارش سے جسموں کی زندگی ہے اس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ وَالَّذِي خَبُثَ لا يَخْرُجُ إِلا نَكِدًا [الأعراف: 58]

فِيهِ ظُلُمَاتٌ [19]

قرآن میں جن مقامات سے کفار اور منافقین کو شکوک اور شبہات پیش ہوتے ہیں ان کو بارش کے اندھیرے سے تشبیہ دی جیسے کہ قرآن کو بارش سے تشبیہ دی۔اور جابجا ایسی آیات بیان ہوئی ہیں جو کفار کیلئے اندھیرے کی طرح ہے۔ان میں سے بعض یہ ہیں وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَى عَقِبَيْهِ وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ [البقرة: 143] وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلا فِتْنَةً لِلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ [الإسراء: 60] إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ(64) [الصافات: 64] وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا [المدثر: 31]

وَرَعْدٌ [19]

قرآن میں ڈانٹ کی آیات جس سے دل کانپ جائیں ان کو رعد سے تشبیہ دی۔ ایسی بعض آیات یہ ہیں فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً [فصلت: 13] مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَى أَدْبَارِهَا [النساء: 47] نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ(46) [سبأ: 46] أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ(35) [الطور: 35] يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ هُمُ الْعَدُوُّ [المنافقون: 4]

وَبَرْقٌ [19]

قرآن میں پختہ دلائل اور روشن براہین کے نور کو برق سے تشبیہ دی اور قرآن کے نور ہونے کی تصریح کئی مقامات پر آئی ہے رَبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا(174) [النساء: 174] وَلَكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا [الشورى: 52] وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ [الأعراف: 157]

وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ(19)

محیط کے معنی مھلکھم اور اس کی تائید ان آیات سے بھی ہوئی ہیں۔ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلا أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ [يوسف: 66] وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ [الكهف: 42]

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ [20]

أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَى [الرعد: 19] وَمَا يَسْتَوِي الاعْمَى وَالْبَصِيرُ(19) [فاطر:19]

كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُمْ مَشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا [20]

یہاں منافقین کی مثال بیان کی کہ جب قرآن ان کی خواہش کے مطابق نازل ہو تو اس پر عمل کرتے ہیں اور کوئی حکم خواہش کے خلاف نازل ہو تو اس سے رک جاتے ہیں۔ اس کی وضاحت اس آیت میں بھی ہے۔ وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ مُعْرِضُونَ(48)وَإِنْ يَكُنْ لَهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوا إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ(49) [النور: 48-49] وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ عَلَى حَرْفٍ فَإِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ اطْمَأَنَّ بِهِ وَإِنْ أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ انْقَلَبَ عَلَى وَجْهِهِ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةَ ذلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ(11)[الحج:11]

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ(21)الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَكُمْ [21–22]

اس آیت میں موت کے بعد دوبارہ زندہ کرنے کی دلیل ہے کہ جب اللہ نے پہلی بار تم کو بغیر نمونے کے پیدا کیا دوبارہ پیدا کرنے میں کیا مشکل ہو سکتی ہے دوسری آیات میں اسی کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ [الروم: 27] كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ [الأنبياء: 104] فَسَيَقُولُونَ مَنْ يُعِيدُنَا قُلِ

الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ [الإسراء: 51] قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ [يس: 79] أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الاوّلِ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ [ق:15] يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ تُرَابٍ [الحج:5] وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الأُولَى [الواقعة: 62] وَضَرَبَ لَنَا مَثَلاً وَنَسِيَ خَلْقَهُ [يس:78] وَيَقُولُ الإِنْسَانُ أَئِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا(66)أَوَلا يَذْكُرُ الإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا(67) [مريم: 66-67] فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ [مريم: 68]

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ فِرَاشاً وَالسَّمَاء بِنَاء وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاء مَاء فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ فَلاَ تَجْعَلُواْ لِلّهِ أَندَاداً وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (22)

یہ بھی ما سبق کی طرح مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنے پر دلیل ہے جب کہ اللہ تعالی نے آسمان اور زمین جیسی بڑی مخلوقات کو پیدا فرمایا ہے تو وہ کیسے دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نا ہوں گے۔ اسی کو مختلف آیات میں واضح کیا ہے۔

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ[غافر: 57]

أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُم بَلَى وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ [يس: 81] أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَى بَلَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ [الاحقاف: 33] أَوَلَمْ يَرَوْاْ أَنَّ اللهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ قَادِرٌ عَلَى أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلاً لاَّ رَيْبَ فِيهِ فَأَبَى الظَّالِمُونَ إِلاَّ كُفُورًا[الاسراء: 99] أَأَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاء بَنَاهَا[النازعات: 27]

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا [النازعات: 28]

رِزْقاً لَّكُمْ فَلاَ تَجْعَلُواْ لِلّهِ أَندَاداً وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ(22)

یہ بہی بعث بعد الموت کی دلیل ہے جس کی وضاحت کئی مقامات پر آئی ہے

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاء اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي الْمَوْتَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ[فصلت: 39] .رِزْقًا لِّلْعِبَادِ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذَلِكَ الْخُرُوجُ[ق: 11] يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذَلِكَ تُخْرَجُونَ

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ حَتَّى إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالاً سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ الْمَاء فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ كَذَلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ

وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَى عَبْدِنَا [23]

یہاں عبد کریم کا نام ذکر نہیں دوسری جگہ نام کی صراحت ہے۔ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ [محمد:2]

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ [24]

بعض علما کے نزدیک الحجارہ سے مراد بت ہیں جس کی مشرکین عبادت کرتے تھے اس کی تائید اس آیت سے بھی ہوتی ہے إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ [الأنبياء:98]

وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الانْهَارُ [25]

یہاں ان نہروں کے اقسام بیان نہیں ہوئیں دوسری جگہ بیان فرمایا۔ فِيهَا أَنْهَارٌ مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِنْ لَبَنٍ لَمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِنْ خَمْرٍ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِنْ عَسَلٍ مُصَفًّى [محمد:15]

وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ [25]

یہاں ان ازواج مطھرۃ کی صفات بیان نہیں ہوئیں اور مقامات میں بیان ہوئیں ہیں۔ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ(48) [الصافات:48] كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ(58) [الرحمن:58] وَحُورٌ عِينٌ(22) كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ(23) [الواقعة:22-23] حور عین کی مثال وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا(33) [النبأ:33]

وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ [27]

یہاں اس امر کا بیان نہیں ہے جس کو جوڑنے کا حکم فرمایا ہے۔ دوسری جگہ سے معلوم ہوتا ہے ان چیزوں میں سے رشتہ داری بھی ہے۔ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ(22) [محمد:22] وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَنْ يَتَّخِذُوا بَيْنَ ذَلِكَ سَبِيلاً(150)أُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقًّا [النساء:150-151]

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ [29]

اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی نے زمین کی ساری چیزیں بالفعل آسمان سے پہلے بنائیں ہیں۔ لیکن دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں خلق سے مراد تقدیر ہے۔
-وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا [فصلت:10]

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الأَرْضِ خَلِيفَةً [30]

خلیفہ میں دونوں احتمال ہیں ایک یہ کہ اس سے مراد اٰدم علیہ السلام ہوں دوسرا یہ کہ اس سے مراد اٰدم علیہ السلام کے بعد آنے والی نسل ہو دوسرے احتمال کی تائید بہت سی آیات سے ہوتی ہے۔ اسی آیت میں آگے ہے قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ [البقرة:30] جبکہ یہ معلوم ہے کہ اٰدم علیہ السلام ان میں سے نہیں ہیں۔ کیوں کہ اٰدم علیہ السلام سے زمین میں فساد صادر نہیں ہوگا۔ اور اس اگلی آیت سے اٰدم علیہ السلام مراد نہیں

ہیں بلکہ بعد والے ہیں جیسے اللہ نے فرمایا۔ هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلائِفَ فِي الأَرْضِ [الأنعام:165] وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ [النمل:62] يَا دَاوُدُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الأَرْضِ [ص:26] وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الأَرْضِ [النور:55]

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلائِكَةِ [31]

عرضهم کی ضمیر مسمیات کیطرف لوٹ رہی ہے یعنی ان ناموں کے مسمیات پیش کیئے نہ کہ صرف نام اس کیطرف اس قول سے اشارہ ہے۔ أَنْبِئُونِي بِأَسْمَاءِ هؤُلاءِ [البقرة: 31]

تُبْدُونَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ (33)

یہاں اس چیز کا بیان نہیں ہے جو وہ چھپاتے تھے۔ بعض علماء کہتے ہیں اس سے مراد ابلیس کا تکبر تھا جس کو اس نے چھپایا ہوا تھا اور اس کا بیان اس قول میں ہے إِلا إِبْلِيسَ أَبَى وَاسْتَكْبَرَ [البقرة: 34]

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ [34]

یہاں اس کی وضاحت نہیں ہے کہ فرشتوں کو یہ حکم پہلے سے ملا تھا۔

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ(28)فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ(29) [الحجر: 28-29] إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ طِينٍ(71)فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ(72) [ص :71-72]

إِلا إِبْلِيسَ أَبَى وَاسْتَكْبَرَ [34]

یہاں ابلیس کے تکبر کا سبب بیان نہیں ہوا دوسری جگہ بیان ہوا ہے۔ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ(12) [الأعراف: 12] قَالَ لَمْ أَكُنْ لِأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ(33) [الحجر: 33] اسْجُدُوا لِآدَمَ [البقرة:34]

فَتَلَقَّى آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ [37]

یہاں وہ کلمات بیان نہیں فرمائے ہاں سورۃ الاعراف میں بیان کیئے ہیں۔ قَالا رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ(23) [الأعراف:23]

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ [40]

یہاں ان نعمتوں کو بیان نہیں فرمایا اور آیات میں بیان فرمایا ہے۔

1-وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى [البقرة: 57]

2-وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ [البقرة: 49]

3-وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ(5)وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُمْ مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ(6) [القصص: 5-6]

وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ [40]

یہاں اللہ نے اپنا عھد اور ان کا عھد بیان نہیں فرمایا دوسرے مقامات میں بیان فرمایا ہے۔

1-وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الانْهَارُ [المائدة: 12] وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلا تَكْتُمُونَهُ [آل عمران: 187]

وَلا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ(42)

یعنی تورات کے بعض حصہ پر ایمان لانا جو کہ حق ہے اور بعض پر ایمان نہ لانا باطل ہے۔

أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ [البقرة: 85]

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلاةِ [45]

نماز کے ساتھ استعانت لینے کا نتیجہ دیگر آیات ہیں مذکور ہے۔ 1-إِنَّ الصَّلاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ [العنكبوت: 45] 2-وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَى(132) [طه :132]

الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُلاقُوا رَبِّهِمْ [46]

یہاں ظن سے مراد یقین ہے۔اس پر یہ آیات دلالت کرتیں ہیں۔ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ(4) [البقرة: 4] وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ(60) [المؤمنون: 60]

وَلا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ [48]

اس کے ظاہر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن مطلقاً شفاعت قبول نہیں ہوگی لیکن اور آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ کافروں کیلئے شفاعت قابل قبول نہیں۔ایسے ہی اوروں کیلئے اللہ کی اجازت کے بغیر شفاعت قابل قبول نہیں۔ وَلا يَشْفَعُونَ إِلا لِمَنِ ارْتَضَى [الأنبياء: 28] وَلا يَرْضَى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ [الزمر: 7] فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِينَ [الشعراء: 100] فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ(48) [المدثر :48] مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلا بِإِذْنِهِ [البقرة :255] وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَى(26) [النجم :26] يَوْمَئِذٍ لا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلاً [طه :109]

وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنْجَيْنَاكُمْ [50]

یہاں پر سمندر کے شق ہونے کی کیفیت بیان نہیں ہوئی دوسری جگہ بیان فرمایا

فَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ(63) [الشعراء: 63]
وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا [طه:77]

وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ [50]

یہاں غرق ہونے کی کیفیت بیان نہیں ہوئی دوسری جگہوں میں بیان ہوئی ہے۔

فَأَتْبَعُوهُمْ مُشْرِقِينَ(60)فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ قَالَ أَصْحَابُ مُوسَى إِنَّا لَمُدْرَكُونَ(61)قَالَ كَلَّا إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ(62)فَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ(63) وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الآخَرِينَ(64)وَأَنْجَيْنَا مُوسَى وَمَنْ مَعَهُ أَجْمَعِينَ (65) ثُمَّ أَغْرَقْنَا الآخَرِينَ [الشعراء: 60-66] فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُودِهِ فَغَشِيَهُمْ مِنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ [طه :78] وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ جُنْدٌ مُغْرَقُونَ [الدخان: 24]

وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً [51]

یہاں اس کی صراحت نہیں کہ یہ وعدہ اکٹھا ایک ساتھ ہوا یا الگ الگ ہوا ہاں سورۃ الاعراف میں بیان کیا کہ وعدہ الگ الگ ہوا پہلے تیس دن کا وعدہ ہوا پھر دس دن کے ساتھ چالیس پورے ہوئے۔ وَوَاعَدْنَا مُوسَى ثَلاثِينَ لَيْلَةً وَأَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً [الأعراف:142]

وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(53)

فرقان سے بظاہر مراد وہی کتاب ہے جو موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی قرآن سے دلیل یہ ہے

1-وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ [الأنبياء: 48]

إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ [54]

یہاں یہ بیان نہیں ہوا کہ یہ بچھڑا کس چیز سے بنایا گیا تھا۔ دوسری جگہ بیان ہوا ہے

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَى مِنْ بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلاً جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ [الأعراف: 148] وَلَكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِنْ زِينَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذَلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ (87) فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلاً جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ [طه :87-88]

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ [63]

اس کی مزید وضاحت اس آیت میں ہے

1-وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ [الأعراف: 171]

خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا [63]

یہاں بیان نہیں فرمایا کہ کیا چیز بنی اسراءیل کو دی دوسری جگہ بیان فرمایا

1-وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(53) [البقرة: 53]

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ [65]

یہاں قصہ اجمالا بیان کیا ہے سورۃ اعراف میں مفصل بیان فرمایا

1-وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ [الأعراف: 163]

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَنَا مَا هِيَ [68]

یہاں اس کی وضاحت نہیں ہے کہ سوال کس چیز سے متعلق تھا البتہ اس کے جواب سے معلوم ہوتا ہے کہ سوال گائے کی عمر سے متعلق تھا۔ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لا فَارِضٌ وَلا بِكْرٌ [البقرة: 68] قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لا ذَلُولٌ تُثِيرُ الأَرْضَ وَلا تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لا شِيَةَ فِيهَا [البقرة: 71]

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا [72]

یہاں اس کی وضاحت نہیں ہے کہ یہ نفس مرد تھا یا عورت تھی۔ البتہ اگلی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقتول مرد تھا۔ فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا [البقرة: 73]

كَذَلِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ [73]

یہاں سے اس طرف اشارہ فرمایا کہ یہ واقعہ بعث بعد الموت کی دلیل ہے کہ جب اللہ تعالی ایک انسان کو موت دینے کے بعد دوبارہ زندہ کر سکتے ہیں تو تمام انسانوں کو بھی زندہ کر سکتے ہیں۔

1-مَا خَلْقُكُمْ وَلا بَعْثُكُمْ إِلا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ [لقمان: 28]

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ [74]

یہاں ان کے دلوں کے سخت ہوجانے کا سبب بیان نہیں ہوا دوسری جگہ بیان ہوا ہے۔ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً [المائدة :13] فَطَالَ عَلَيْهِمُ الامَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ [الحديد:16]

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلا أَمَانِيَّ [78]

امانی کی وضاحت دوسری جگہ فرمائی ہے۔ وَقَالُوا لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلا مَنْ كَانَ هُودًا أَوْ نَصَارَى تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ [البقرة: 111] لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ [النساء: 123]

ثُمَّ أَنْتُمْ هَؤُلاءِ تَقْتُلُونَ أَنْفُسَكُمْ [85]

انفسکم سے مراد اخوانکم ہے اور قرآن میں اس کا استعمال جابجا ہوا ہے۔ فَاقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ [البقرة: 54]

أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ [85]

وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ [87]

یہاں ان بینات کو بیان نہیں کیا گیا لیکن دوسری جگہ بیان کیا گیا ہے

1-وَرَسُولاً إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللَّهِ وَأُبْرِئُ الاكْمَهَ وَالابْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتَى بِإِذْنِ اللَّهِ وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ [آل عمران: 49]

وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ [87]

روح القدس سے مراد اصح قول کے مطابق حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں۔اس پر اللہ تعالی کا یہ فرمان بھی دلالت کرتا ہے۔ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الامِينُ(193) [الشعراء: 193] فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا رُوحَنَا [مريم: 17]

وَلَقَدْ جَاءَكُمْ مُوسَى بِالْبَيِّنَاتِ [92]

یہاں ان بینات کی وضاحت نہیں کی دوسری جگہ تفصل سے ذکر کی ہیں۔ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلاتٍ [الأعراف: 133] فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُبِينٌ(107)وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ [الأعراف: 107-108] فَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ [الشعراء: 63]

خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا [93]

بعض علماء کے نزدیک یہاں پر سمع اجابت کے معنی میں ہے۔اور اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا [النور: 51] **اور بعض کے نزدیک حقیقی معنی یعنی** وَاسْمَعُوا **سے مراد ہے کان کیوں کہ بعض کفار انبیاء کے کلام کے وقت اپنے کان بند کر لیتے تھے اور کلام کو سنتے نہ تھے اس پر فرمایا** واسمعوا _ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا(7) [نوح :7]

يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ [96]

اسی مفہوم کو اس آیت میں بھی بیان کیا گیا ہے۔ أَفَرَأَيْتَ إِنْ مَتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ (205) ثُمَّ جَاءَهُمْ مَا كَانُوا يُوعَدُونَ(206)مَا أَغْنَى عَنْهُمْ مَا كَانُوا يُمَتَّعُونَ(207) [الشعراء: 205-207]

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ [97]

اس کے ظاہر سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام براہ راست قرآن آپ کے دل پر اتارتے ہیں اس میں سماع کا واسطہ نہیں ہوتا۔اور یہی مفہوم اس آیت سے بھی سمجھ میں آتا ہے۔ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ

الامِينُ(193)عَلَى قَلْبِكَ [الشعراء: 193-194] **لیکن دوسری جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فرشتہ جبرئیل علیہ السلام آپ پر قرآن کو پڑھتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سن کر اس کے معانی دل میں محفوظ کرتے ہیں۔** لا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ(16)إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ(17)فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ(18)ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ(19) [القيامة: 16-19] **ترجمہ: کیونکہ ہمارے ذمہ آپ کے قلب میں اس کا جمع کر دینااور آپ کی زبان سے اس کا پڑھوا دینا ہے جب یہ ہمارے ذمہ ہے تو جب ہم اس کو پڑھنے لگا کریں یعنی ہمارا فرشتہ پڑھنے لگا کرے تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے یعنی ادھر ہی متوجہ ہو جایا کیجئے اور اس کے دہرانے میں مشغول نہ ہوا کیجئے۔[بیان القرآن مولانا ظفر احمد]** وَلا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا(114) [طه :114]

أَوَكُلَّمَا عَاهَدُوا عَهْدًا نَبَذَهُ فَرِيقٌ مِنْهُمْ [100]

دوسری جگہ وضاحت فرمائی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کر کے توڑتے ہیں إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ لا يُؤْمِنُونَ (55) الَّذِينَ عَاهَدْتَ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لا يَتَّقُونَ(56) [الأنفال: 55-56]

وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ [101]

یہاں بیان فرمایا کہ اھل کتاب میں ایک گروہ کتاب اللہ کو پیٹھ پیچھے ڈال دیتا ہے دوسری آیت میں فرمایا ہے کہ ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو کتاب اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ(110) [آل عمران: 110]

أَمْ تُرِيدُونَ أَنْ تَسْأَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَى مِنْ قَبْلُ [108]

یہاں اس کو بیان نہیں کیا کہ انہوں نے موسی علیہ السلام سے کیا سوال کیا تھا۔ دوسری جگہ بیان کیا ہے يَسْأَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَابًا مِنَ السَّمَاءِ فَقَدْ سَأَلُوا مُوسَى أَكْبَرَ مِنْ ذَلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً [النساء: 153]

فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا حَتَّى يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ [109]

یہاں امر سے کیا مراد ہے اس میں دو احتمال ہیں۔ یا تو یہ اوامر کا واحد ہے تب تو اس امر سے مراد اللہ کا یہ امر ہے قَاتِلُوا الَّذِينَ لا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلا بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَلا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ(29) [التوبة: 29] **یہ امر امور کا واحد ہے تب اس امر سے مراد وہ عذابات ہیں جو یہود پر آئے۔ مثلا** فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ

يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُمْ بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِي الْمُؤْمِنِينَ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الأبْصَارِ (2) وَلَوْلا أَنْ كَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِمُ الْجَلاءَ لَعَذَّبَهُمْ [الحشر: 2-3]

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللَّهِ أَنْ يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِي خَرَابِهَا [114]

بعض علماء کے نزدیک یہ آیت مشرکین کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عمرۃ حدیبیۃ میں بیت الحرام سے روکنے کے بارے میں نازل ہوئی۔ اس صورت میں خراب معنوی مراد ہوگا۔ یعنی مسجد میں عبادت سے روک کر اس کو خراب کرنیوالے۔ اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ [الفتح: 25] **اور بعض علماء کے نزدیک خراب سے خراب حسی مراد ہے۔ اور آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے بیت المقدس کو ویران اور برباد کیا۔ اور اس قول کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے۔**
فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا (7) [الإسراء: 7]

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا [116]

اس کی تفصیل اور آیات میں آتی ہے وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللَّهِ ذَلِكَ قَوْلُهُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ [التوبة: 30] وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ [النحل: 57]

قَالَ لا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ (124)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی کے علم میں تھا کہ ابراھیم علیہ السلام کی اولاد میں ظالم بھی ہونگے اسی کو دوسری جگہ یوں ارشاد فرمایا وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِنَفْسِهِ مُبِينٌ [الصافات: 113] وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ [الزخرف: 28]

وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ إِبْرَاهِيمَ [130]

یہاں ملت ابراھیمی کو بیان نہیں کیا گیا۔ دوسری جگہ بیان کیا ہے۔ قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (161) [الأنعام: 161] ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ [النحل: 123]

إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَى لَكُمُ الدِّينَ [132]

فَلا تَمُوتُنَّ إِلا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ **سے اس طرف اشارہ کر دیا کہ اس دین سے مراد دین اسلام ہے اس کی وضاحت ان آیات ہیں بھی موجود ہے** إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللَّهِ الإِسْلامُ [آل عمران: 19] وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ [آل عمران: 85]

وَمَا أُنْزِلَ إِلَى إِبْرَاهِيمَ [136]

یہاں یہ بیان نہیں کیا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام پر کیا نازل ہوا۔ ہاں سورۃ الاعلی میں بیان کیا کہ وہ صحیفے تھے جس میں یہ مضمون بھی تھا۔ بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (16) وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (17) إِنَّ هَذَا لَفِي الصُّحُفِ الأُولَى (18) صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى(19)

وَمَا أُوتِيَ مُوسَى وَعِيسَى [136]

یہاں بیان نہیں ہوا کہ ان کو کیا چیز نازل ہوئی دوسری جگہ بیان فرمایا۔ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ [الأنعام : 154] **اور بالاجماع یہاں کتاب سے مراد تورات ہے۔** وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ الإِنْجِيلَ [الحديد:27]

النَّبِيُّونَ مِنْ رَبِّهِمْ لا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْهُمْ [136]

اس آیت میں اللہ تعالی نے تمام مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ تمام نبیوں پر نازل شدہ احکامات پر ایمان لائیں اور ان نبیوں میں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہ کریں۔ لیکن یہ بیان نہیں کیا کہ کیا ایمان والوں نے اس حکم کو پورا کیا یا نہیں۔ نیز اس حکم کو پورا کرنے کا بدلہ کیا ہے۔ دوسری جگہ اس کو بیان کیا ہے آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ [البقرة: 285] **اور اس کا بدلہ بیان کیا** وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ أَحَدٍ مِنْهُمْ أُولَئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا [النساء: 152]

قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ(142)

یہاں ہر صراط مستقیم کو بیان نہیں کیا۔ دوسری جگہ بیان کیا ہے اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ(6)صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلا الضَّالِّينَ(7) [الفاتحة: 6-7]

وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا [143]

یہاں اس کی صراحت نہیں ہے کہ گواہ دنیا میں ہوں گے یا آخرت میں دوسری جگہ تصریح موجود ہے۔ کہ آخرت میں گواہ ہوں گے فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلاءِ شَهِيدًا(41)يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّى بِهِمُ الأَرْضُ وَلا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا (42) [النساء: 41-42]

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلا لِنَعْلَمَ [143]

ظاہر سے کوئی جاہل اس بات کا وھم کر سکتا ہے کہ آزمائش اور امتحان اللہ تعالی اس وجہ سے کرتے ہیں تا کہ اللہ تعالی کو اس چیز کا علم ہو جائے جو پہلے نہ تھا نعوذ باللہ من ذلک۔ دوسری جگہ سے اس وھم باطل کی نفی ہوتی ہے۔
وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ(154) [آل عمران: 154]

مَن يَتَّبِعُ الرَّسُولَ [143]

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا سے **معلوم ہوتا ہے کہ رسول سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔**

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ [143]فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا [144]

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ [144]أُولَئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ(159)

یہاں لاعنون کی صراحت نہیں کی دوسرے مقام پر کی ہے۔أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ [البقرة: 161]

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ [164]

یہاں آسمان اور زمین کا نشانی ہونے کی وجہ بیان نہیں کی دوسری جگہوں ہیں بیان فرمائی ہےأَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ (6) وَالأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ(7)تَبْصِرَةً وَذِكْرَى لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ(8) [ق :6-8] الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَوَاتٍ طِبَاقًا مَا تَرَى فِي خَلْقِ الرَّحْمنِ مِنْ تَفَاوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِنْ فُطُورٍ(3)ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِيرٌ(4)وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ(5) [الملك: 3-5] هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ ذَلُولاً فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ(15) [الملك: 15]

وَاخْتِلافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ [164]

یہاں دن اور رات کے بدلنے کا نشانی ہونے کی وجہ نہیں ہوتی دوسری جگہ بیان ہوئی ہے۔

1-قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَدًا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُمْ بِضِيَاءٍ أَفَلا تَسْمَعُونَ(71)قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ أَفَلا تُبْصِرُونَ(72)وَمِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(73) [القصص: 71-73]

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ [164]

یہاں تسخیر سحاب کی کیفیت بیان نہیں ہوئی دوسری جگہ ہوئی ہے۔

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ حَتَّى إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالاً سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَيِّتٍ فَأَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاءَ فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ كَذَلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ(57) [الأعراف: 57] أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلالِهِ [النور: 43]

وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ [165]

یہاں ظلموا سے مراد کفر ہے دوسرے مقامات سے اس کی تصریح ہوتی ہے۔

يَا بُنَيَّ لا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ(13) [لقمان: 13] شَفَاعَةٌ وَالْكَافِرُونَ هُمُ الظَّالِمُونَ(254) [البقرة: 254] وَلا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لا يَنْفَعُكَ وَلا يَضُرُّكَ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ(106) [يونس: 106]

إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا [166]

وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ(31)قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَى بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُجْرِمِينَ(32) وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَنْ نَكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَنْدَادًا [سبأ : 31-33]

وقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا [167]

یہاں اہل جہنم کا آپس میں جھگڑے کی کیفیت بیان ہوئی۔ کچھ اور کیفیتین دوسری آیات میں بھی بیان ہوئیں ہیں۔

وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ(31) قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَى بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُجْرِمِينَ (32) وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَنْ نَكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَنْدَادًا [سبأ : 31-33]

وَلا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ [168]

یہاں شیطان کے اتباع کا نقصان بیان نہیں ہوا دوسری جگہ بیان فرمایا ہے۔

وَمَنْ يَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ [النور: 21]

وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لا تَعْلَمُونَ(169)

یہاں ان کا وہ قول جو بغیر علم کے اللہ کے ذمہ لگاتے ہیں بیان نہیں ہوا دوسری جگہ بیان ہوا ہے

مَا جَعَلَ اللَّهُ مِنْ بَحِيرَةٍ وَلا سَائِبَةٍ وَلا وَصِيلَةٍ وَلا حَامٍ وَلَكِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ [المائدة: 103] وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ [الأنعام: 140] قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلالاً [يونس: 59] وَلا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَذَا حَلالٌ وَهَذَا حَرَامٌ [النحل: 116]

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ [173]

یہاں کے ظاہر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر قسم کا مردار اور خون حرام ہے لیکن دوسری جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سمندر کا مردار اس سے مستثنی ہے۔ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ [المائدة: 96] **ایسے ہی ایک آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف بہنے والا خون حرام ہے۔** إِلا أَنْ يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَسْفُوحًا [الأنعام: 145]

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلا عَادٍ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ [173]

یہاں سبب اضطرار بیان نہیں کیا۔ دوسری جگہ بیان فرمایا ہے۔ فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ [المائدة: 3]

یہاں یہ بیان نہیں ہوا کہ باغ اور عاد سے کیا مراد ہے دوسری جگہ بیان ہوا ہے۔۔ فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ [المائدة: 3]

وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ [177]

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ [آل عمران: 92]

وَحِينَ الْبَأْسِ [177]

یہاں پر بَأْسِ **سے کیا مراد ہے اس کو بیان نہیں کیا لیکن دوسری جگہ اس بات کا اشارہ موجود ہے کہ** البَأْسِ **سے مراد قتال ہے** قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنْكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلا قَلِيلاً(18) [الأحزاب: 18]

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ [185]

یہاں اس کی وضاحت نہیں کہ رمضان کے کس دن یا رات کو قرآن نازل ہوا دوسری جگہ صراحت ہے کہ لیلۃ القدر میں نازل ہوا إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ(1) [القدر: 1] إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ [الدخان: 3]

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ [186]

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی ہر دعا مانگنے والے کی دعا قبول کرتے ہیں۔ جبکہ دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کی قبولیت اللہ کی مشیئت کے ساتھ معلق ہے۔ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ [الأنعام: 41]
اس پر بعض علماء کہتے ہیں کہ کفار کی دعا اللہ کی مشیئت کے ساتھ معلق ہے جبکہ مومن کی دعا اللہ ہر حال میں قبول فرماتے ہیں مانگی ہوئی چیز عطا کرکے یا آخرت میں ذخیرہ بنا کر یا ان سے کسی شر کو دور کرکے۔

وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَى [189]

مَنِ اتَّقَى **سے کیا مراد ہے یہاں اس کو بیان نہیں فرمایا دوسری جگہ بیان فرمایا ہے** وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْمَلائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ

وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ أُولَئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ(177) [البقرة: 177]

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ [190]

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ [198]

یہاں اس کی تصریح نہیں کی گئی کہ فضل سے کیا مراد ہے دوسری جگہوں سے معلوم ہوتا ہے کہ فضل سے مراد تجارتی منافع ہیں وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ [المزمل: 20] فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ [الجمعة: 10]

ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ [199]

پچھلی آیت فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ [البقرة: 198] **سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں** حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ **سے مراد مقام عرفات ہے۔**

زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا [212]

یہاں اس تمسخر کی تفصیل نہیں ہے دوسری جگہ فرمایا۔

1-إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ(29)وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ(30) [المطففين: 29-30]

وَالَّذِينَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [212]

یہ فوقیت کیسے ہوگی اس کی وضاحت ان آیات میں ہے۔ فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ(34)عَلَى الارَائِكِ يَنْظُرُونَ(35) [المطففين: 34-35] أَهَؤُلاءِ الَّذِينَ أَقْسَمْتُمْ لا يَنَالُهُمُ اللَّهُ بِرَحْمَةٍ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ لا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ(49) [الأعراف: 49]

وَعَسَى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ [216]

یہاں پر خیر کو کثیر کے ساتھ متصف نہیں کیا دوسری جگہ کیا ہے

بِالْمَعْرُوفِ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا(19)[النساء: 19]

وَلا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّى يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا [217]

یہاں یہ بیان نہیں کیا کہ کیا کفار اس پر قادر ہوئے یا نہیں؟ دوسری جگہ بیان کیا ہے کہ اس پر قادر نہیں ہوئے

الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ [المائدة: 3] هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ [التوبة: 33]

قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ [219]

وہ اثم کبیر کیا ہے یہاں بیان نہیں ہوا دوسری جگہ ہوا ہے إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ(91) [المائدة: 91]

وَلا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ [221]

آیت کا ظاہری عموم تو اہل کتاب عورتوں کو بھی اس حکم میں شامل کرتا ہے لیکن دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس میں شامل نہیں وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ [المائدة: 5]

فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ [222]

یہاں سے کونسا مکان مراد ہے اسکی وضاحت نہیں فرمائی لیکن دوسری آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مراد آگے سے بیوی سے ملنا ہے فَالآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ [البقرة: 187]

وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ [225]

بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ **سے کیا مراد ہے یہاں اس کو بیان نہیں کیا مائدہ میں بیان کیا ہے کہ وہ قصدا عقد یمین ہے۔ ایسی ہی اس یمین پر کیا مواخذہ ہے وہ بھی بیان نہیں ہوا مائدہ میں بیان ہوا ہے۔** وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الايْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ ذلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ [المائدة: 89]

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلاثَةَ قُرُوءٍ [228]

بظاہر تو یہ آیت ساری مطلّقات کو شامل ہے لیکن دیگر آیات سے کچھ مطلّقات کا استثناء معلوم ہوتا ہے۔ وَأُولاتُ الاحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ [الطلاق: 4] يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلاً(49) [الأحزاب: 49] وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ [الطلاق: 4]

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ [228]

یہاں اس درجہ کو بیان نہیں کیا دوسری جگہ بیان کیا ہے۔ الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ [النساء: 34]

وَلا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا {229}

یہاں نہ لینے کاسبب بیان نہیں کیا دوسری جگہ بیان کیا ہے۔ وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا(20)وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَى بَعْضُكُمْ إِلَى بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا(21) [النساء: 20-21]

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ [231]

آیت کے ظاہر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ خاوند کو عورت کی عدت پوری ہو جانے کے بعد بھی رجوع کا حق حاصل ہے لیکن دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف عدت کے دوران ہی رجوع کا حق حاصل ہے۔ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَلِكَ [البقرة: 228]

وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلادَكُمْ فَلا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ [233]

یہاں کسی اور عورت کا دودھ بچے کو پلانے کی وجہ بیان نہیں کی دوسری جگہ بیان کی ہے وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى(6) [الطلاق: 6]

وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا [234]

آیت کے ظاہر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر متوفی عنھا زوجھا کی عدت یہی ہے لیکن دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر بیوی حاملہ ہو تب اس کی عدت وضع حمل ہو گی وَأُولاتُ الأحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ [الطلاق: 4]

وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ(241)

اس آیت سے تو معلوم ہوتا ہے کہ تمام مطلّقات کیلئے ان کے متقی خاوند کیطرف سے متعہ لینے کا حق ہے چاہے طلاق قبل الدخول ہو یا بعد الدخول مہر مقرر ہوا ہو یا نہ ہوا ہو اور اس عموم پر یہ آیت بھی دلالت کرتی ہے۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلاً(28) [الأحزاب: 28] **جبکہ دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ متعہ صرف اس مطلقہ کیلئے ہے جس کو قبل الدخول طلاق ہوئی ہو اور اس کیلئے مہر مقرر نہ ہوا ہو۔** لا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ [البقرة: 236] **اور اگر مطلقہ قبل الدخول کیلئے مہر مقرر ہوا ہو تو نصف مہر ملے گا۔** وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ [البقرة: 237]

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ [243]

اس آیت میں ایمان والوں کو قتال کیلئے ابھارا گیا ہے کہ موت سے بھاگنا کوئی فائدہ نہیں دیتا جب یہ بات دل میں اتر جائے تو دشمن کے ساتھ لڑنے میں کوئی دقت پیش نہ ہو۔ اسی مضمون کو دوسری جگہ یوں بیان فرمایا قُلْ لَنْ يَنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُمْ مِنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لا تُمَتَّعُونَ إِلا قَلِيلاً (16) [الأحزاب: 16]

مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً [245]

یہاں اضعاف کثیرہ کی مقدار بیان نہیں کی دوسری جگہ بیان فرمائی مَثَلُ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَشَاءُ [البقرة: 261]

وَآتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ [251]

یہاں بیان نہیں کیا کہ داود علیہ السلام کو کیا سکھایا دوسری جگہ بیان فرمایا وَعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِنْ بَأْسِكُمْ [الأنبياء: 80] وَالطَّيْرَ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ (10) أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ [سبأ: 10-11]

وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (252)

اِن اور لام کے ساتھ کلام کو مؤکّد کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار کرتے ہیں۔ یہی مفہوم دوسری جگہ یوں بیان فرمایا وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلاً [الرعد: 43]

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللَّهُ [253]

یہاں بیان نہیں کیا کہ وہ کون تھے جن سے اللہ نے کلام کیا دوسری جگہ بیان کیا کہ ان میں سے موسیٰ علیہ السلام بھی تھے وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَى تَكْلِيمًا (164) [النساء: 164]
إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالاتِي وَبِكَلامِي [الأعراف: 144]

وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ [253]

اس ضعف ثانی کی طرف مزید وضاحت سے ان آیات میں اشارہ کیا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ [النحل: 70] [الحج: 5] وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ أَفَلا يَعْقِلُونَ(68) [يس:68] **اور ان دونوں ضعفوں کے درمیان کی قوت کو یوں بیان کیا** فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُبِينٌ(4) [النحل: 4] **اور انسانوں کا ضعف سے پیدا ہونا اس کی وجہ سورۃالانبیاء میں** خُلِقَ الإنسَانُ مِنْ عَجَلٍ [الأنبياء: 37] **میں گزر چکی ہے**

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ (55)

اس کی وضاحت میں مزید آیات ويَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلاَّ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ قَدْ خَسِرَ الَذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ [يونس: 45] **میں گزر چکی ہیں**

وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالإِيمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِلَى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهَذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلَكِنَّكُمْ كُنتُمْ لا تَعْلَمُونَ(56)

یعنی کفار جب قیامت کے دن اٹھیں گے اور قسم کھائیں گے مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ [الرم: 55] کہ وہ دنیا میں صرف ایک گھڑی رہے تو اس وقت علم و ایمان والے جن میں ملائکہ، رسول، انبیائے کرام اور صالحین سب شامل ہیں وہ ان سے یہ کہیں گے لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِلَى يَوْمِ الْبَعْثِ اور سورۃ یٰس کی آیت میں کفار کے اس قول مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا [يس:52] کے جواب میں هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَانُ [يس:52] کا قول بھی اصح تفسیر کے مطابق علم و ایمان والوں کی طرف سے ہوگا۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَانُ [يس:52] کا قول خود کافر کہیں گے اِس پر اللہ کے اِس قول سے دلیل بناتے ہیں۔ وَقَالُوا يَاوَيْلَنَا هَذَا يَوْمُ الدِّينِ(20)هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ [الصافات: 20-21]

وَلا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ(57)

اس کے اندر لغات اور شواہد عربیہ کی تفصیل ثُمَّ لا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ(84) [النحل: 84] **میں گزر چکی ہے**

وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلا مُبْطِلُونَ(58)

اس کی مزید تفصیل ان آیات کے ذیل میں آچکی ہے وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَذَا إِلا سِحْرٌ مُبِينٌ(7) [الأنعام:7] وَقَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّى تَفْجُرَ لَنَا مِنْ الأَرْضِ يَنْبُوعًا(90) [الإسراء: 90] إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لا يُؤْمِنُونَ(96) [يونس: 96]

وَلا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لا يُوقِنُونَ(60)

قرآن میں بعض مقامات پر اللہ تعالی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب تو فرماتے ہیں لیکن خطاب میں مقصود آپ کی ذات نہیں ہوتی بلکہ امت کے لئے اس امر کی اتباع کروانی مقصود ہوتی ہے اور اس کی سب سے واضح دلیل إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلاهُمَا فَلا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ [الإسراء: 23] **ہے کہ آپ کے والدین تو اس آیت کے نزول سے پہلے ہی انتقال فرما چکے تھے پھر خطاب کا کیا معنی بلکہ مراد امت کے لئے والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دینا ہے۔ اس تفصیل کے بعد جان لو کہ آپ کی طرف آئے ہوئے خطابات مثلاً آیت مذکورہ** فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لا يُوقِنُونَ(60)[الروم:60] **اور** لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ [الزمر: 65] وَلا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا(24) [الانسان:24] لاتَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ [الإسراء: 22] **وغیرہ سے امت کو حکم دینا مقصود ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تو کفر اور معاصی سے معصوم ہیں۔**

سورة لقمان

الم(1)تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ(2)هُدًى وَرَحْمَةً لِلْمُحْسِنِينَ(3)

اس کی مزید وضاحت هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ [البقرة: 2] الم(1)ذَلِكَ الْكِتَابُ لا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ(2) [البقرة: 1-2]

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّى مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ(7)

دوسری جگہ فرمایا وَيْلٌ لِكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ(7)يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ(8)وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ(9)مِنْ وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ وَلا يُغْنِي عَنْهُمْ مَا كَسَبُوا شَيْئًا وَلا مَا اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ(10) [الجاثية: 7-10] **اور كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا میں علی سبیل التشبیہ کانوں میں بوجھ کا ہونا ذکر کیا ہے** جبکہ دوسری جگہ بالفعل موجود ہونا ذکر ہے إِنَّا جَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا [الكهف: 57] **بظاہر تطبیق کی وجہ ہے کہ کانوں میں بوجھ کا ہونا اس سے مراد معنوی بوجھ ہے اور اس معنوی بوجھ کو یہاں حسی بوجھ سے تشبیہ دی ہے۔ اس لئے کہ معنوی بوجھ حق بات سننے سے مانع ہے جیسے کہ حسی بوجھ ہر قسم کی بات سننے سے مانع ہوتا ہے واللہ اعلم**

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا [10]

اس کی مزید تفصیل اللَّهُ الَّذِي رَفَعَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا [الرعد: 2] **میں گزر چکی ہے**

هَذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلالٍ مُّبِينٍ (11)

اس کی تفصیل أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ [الرعد: 16] **میں گزر چکی ہے**

وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَابُنَيَّ لا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ(13)

اس آیت سے شرک کا ظلم عظیم ہونا معلوم ہوا اور اس پر اور آیات بھی دلالت کرتیں ہیں

وَلا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لا يَنْفَعُكَ وَلا يَضُرُّكَ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنْ الظَّالِمِينَ [يونس: 106]

وَالْكَافِرُونَ هُمْ الظَّالِمُونَ [البقرة: 254]

وَلا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ [18]

اس کا معنی یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے تکبر مت کر اس آیت میں تکبر سے منع کیا ہے اور وہ اس طرح کہ صعر کہتے ہیں مائل ہونا رخ پھیرنے کو اور اصل میں یہ اونٹ کی ایک بیماری ہے جس میں وہ اپنی گردن پھیرتا ہے چونکہ متکبر بھی لوگوں سے اپنی گردن اور چہرے کو پھیر دیتا ہے اس وجہ سے اس کو صعر سے تعبیر کیا ہے۔ جب اسی سے تکبر کی نفی مقصود ہے تو سورۃ الاعراف کی آیت فَمَا يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنْ الصَّاغِرِينَ(13) [الأعراف: 13] **میں کبر کی برائی میں مزید آیات قرآنیہ گزر چکی ہیں**

وَلا تَمْشِ فِي الأَرْضِ مَرَحًا [18]

اس کی تفصیل وَلا تَمْشِ فِي الأَرْضِ مَرَحًا إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولاً(37) [الإسراء: 37] **میں گزر چکی ہے**

وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ [19]

اس کی وضاحت بھی وَعِبَادُ الرَّحْمانِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الأَرْضِ هَوْنًا [الفرقان: 63] **اور** وَلا تَمْشِ فِي الأَرْضِ مَرَحًا [لقمان: 18] **وغیرہ آیات کے ذیل میں گزر چکی ہے**

وَمِنْ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلا هُدًى وَلا كِتَابٍ مُنِيرٍ(20)

سورۃ الحج کی ابتداء میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے

أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ(21)

اس کی تفصیل بھی كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ(4) [الحج: 4] **کے ذیل میں گزر چکی ہے**

ولَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَوَاتِ والأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لا يَعْلَمُونَ (25)

اس کی تفصیل إِنَّ هَذَا القُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ ويُبَشِّرُ المُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً كَبِيراً (9) **کے تحت گزر چکی ہے**

ولَوْ أَنَّمَا فِي الأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلامٌ والْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (27)

اس کی تفصیل قُل لَّوْ كَانَ البَحْرُ مِدَاداً لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ البَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي ولَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَداً (كهف 109) **کے تحت گزر چکی ہے**

مَا خَلْقُكُمْ وَلا بَعْثُكُمْ إِلا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ [28]

اس کی وضاحت كَذَلِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ [البقرة: 73] **کے تحت گزر چکی ہے**

وإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى البَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ومَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلاَّ كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ [32]

اس کی مزید تفصیل وَإِذَا مَسَّكُمْ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُونَ إِلا إِيَّاهُ [الإسراء: 67] قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمْ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِنْ كُنتُمْ صَادِقِينَ(40)بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ [الأنعام: 40-41] **میں گزر چکی ہے**

إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الارْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ(34)

پہلے سورۃ انعام کی آیت وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لا يَعْلَمُهَا إِلا هُوَ [الأنعام : 59] **کی تفصیل میں گزر چکا ہے کہ پانچ چیزیں مَفَاتِحُ الْغَيْبِ میں سے ہیں اور صحیح حدیث سے بھی یہی ثابت ہے**

سورۃ السجدة

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَا أَتَاهُم مِنْ نَذِيرٍ مِنْ قَبْلِكَ [3]

اس کی وضاحت وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولاً(15) [الإسراء: 15] **کے تحت گزر چکی ہے**

يُدَبِّرُ الامْرَ مِنْ السَّمَاءِ إِلَى الأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ(5)

اس آیت کریمہ میں ذکر ہے کہ اللہ تعالی آسمان سے لے کر زمین تک ہر امر کی تدبیر کرتا ہے اور پھر یہ امر اللہ کی طرف واپس جاتا ہے ایسے دن میں جس کی مقدار ایک ہزار برس کے برابر ہے اور اس کی طرف اس قول میں بھی اشارہ فرمایا اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنْ الأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الامْرُ بَيْنَهُنَّ [الطلاق: 12] **اور سورۃ الحج میں بیان فرمایا کہ اللہ کے ہاں کا ایک دن لوگوں کے شمار کے دنوں کے ایک ہزار کے برابر ہے** وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ(47) [الحج: 47] **اور سورۃ المعارج میں فرمایا** تَعْرُجُ الْمَلائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ(4) [المعارج: 4] **ان آیات کے درمیان تطبیق کیسے ہو۔ ایک وجہ تو وہ ہے جو کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سورۃ الحج میں ہزار دنوں کے برابر کا جو ذکر ہے اس سے مراد ان چھ دنوں میں ایک دن جس میں آسمان زمین بنائے گئے مراد ہے اور سورۃ السجدۃ کے دن سے مراد امر کا اللہ کی طرف چڑھنے میں جو سفر ہے اس کا وقت بتایا گیا ہے اور پچاس ہزار سال والے دن سے مراد قیامت کا دن مراد ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ان سب سے قیامت کا دن مراد ہو باقی اس میں کمی زیادتی وہ ایمان والوں اور کافروں کے حال کے اعتبار سے ہو اس وجہ پر قرآن کی یہ آیات دلالت کرتی ہیں** فَذَلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ(9)عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ(10) [المدثر: 9-10] يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَذَا يَوْمٌ عَسِرٌ(8) [القمر: 8] **اور اس کی مزید وضاحت** أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ مَقِيلاً(24) [الفرقان: 24] **کے تحت ہم کر چکے ہیں**

قُلْ يَتَوَفَّاكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ [11]

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ روح قبض کرنے والا فرشتہ صرف ایک ہے اور مشہور بھی یہی ہے بعض آیات میں اس کا نام عزرائیل آیا ہے جبکہ اور بہت سی آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت سارے فرشتے روح لیتے ہیں جیسے
إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمْ الْمَلائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ [النساء: 97] فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمْ الْمَلائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ(27)[محمد:27] وَلَوْ تَرَى إِذْ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلائِكَةُ بَاسِطُوا

أَيْدِيهِمْ [الأنعام: 93] حَتَّى إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لا يُفَرِّطُونَ(61) [الأنعام: 61]

اہل علم حضرات نے اس کی وضاحت یوں فرمائی ہے کہ روحوں کو قبض کرنے پر مامور اور نگران تو ایک ہی فرشتہ ہے جس کا یہاں ذکر ہے لیکن اس کے ساتھ اور مددگار ہیں جو اس کے حکم سے کام کرتے ہیں روح کو حلقوم تک وہ کھینچتے ہیں پھر ملک الموت وہاں سے لے لیتا ہے۔ یا اس کے علاوہ اور طرح کی مدد کرتے ہیں جیسے کہ براء بن عازب کی حدیث میں ہے کہ جب ملک الموت روح نکال لیتے ہیں تو فرشتے جلدی سے اس کو لے کر آسمان پر لے جاتے ہیں اور اللہ کا یہ قول

اللَّهُ يَتَوَفَّى الانْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا [الزمر: 42]

اس میں کوئی اشکال نہیں اس لئے کہ فرشتے بھی روح اللہ کی اجازت اور مشیت سے نکالتے ہیں اللہ کی اجازت کے بغیر فرشتے کسی کی روح نکالنے پر قادر نہیں وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلا بِإِذْنِ اللَّهِ كِتَابًا مُؤَجَّلاً [آل عمران: 145]

معلوم ہوا کہ روح نکالنے کی نسبت ملک الموت کی طرف اس اعتبار سے کہ وہ اسی کا موکل نگران ہے اور فرشتوں کی طرف اس اعتبار سے کہ وہ معاون و مددگار ہیں اور اللہ کی طرف اس حیثیت سے کہ کائنات کی کوئی چیز اللہ کے امر و ارادہ کے بغیر نہیں ہو سکتی

وَلَوْ تَرَى إِذْ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُوا رُءوسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ(12)

اس کی وضاحت میں اور آیات يَوْمَ يَأْتِي تَأْوِيلُهُ يَقُولُ الَّذِينَ نَسُوهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ فَهَلْ لَنَا مِنْ شُفَعَاءَ [الأعراف: 53] أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا [مريم: 38] **کے تحت گزر چکی ہیں**

وَلَوْ شِئْنَا لآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لأمْلأنَّ جَهَنَّمَ مِنْ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ(13)

اس کی مزید تفصیل وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لآمَنَ مَنْ فِي الأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا [يونس: 99] **میں گزر چکی ہے**

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا إِنَّا مِنْ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ(22)

اس کی وضاحت میں مزید آیات نیز اعراض کرنے کا برا نتیجہ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ [الكهف: 57]

أَوَ لَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَاتٍ أَفَلا يَسْمَعُونَ [26]

اس کی وضاحت میں کچھ آیات ہم نے وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا(98) [مريم: 98] **کے تحت بیان کیں ہیں**

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعَامُهُمْ وَأَنفُسُهُمْ أَفَلا يُبْصِرُونَ(27)

اس کو واضح کرنے والی آیات الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلاً وَأَنزَلَ مِنْ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْ نَبَاتٍ شَتَّى(53) كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ إِنَّ فِي ذلِكَ لآيَاتٍ لِأُوْلِي النُّهَى(54) [طه:53-54] **کے تحت ذکر کی جاچکی ہیں اور الأَرْضِ الْجُرُزِ کی تفسیر بعض شواہد عرب کے ساتھ** وَإِنَّا لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا جُرُزًا(8) [الكهف: 8] **کے تحت واضح کر چکے ہیں**

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْفَتْحُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ(28)

اہل علم کے اقوال میں زیادہ ظاہر قول یہ ہے کہ اس آیت میں فتح سے مراد حکم اور فیصلہ ہے۔اور الفتاح: القاضی کے معنی میں آتا ہے اور یہ قدیم حمیری زبان کا لفظ ہے۔

اور الفتاحۃ کا معنی حکم اور قضاء آتا ہے اور قرآنی آیات سے بھی اس بات پر دلالت ہوتی ہے کہ فتح حکم فیصلہ کے معنی میں آیا ہے۔ جیسے عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ [الأعراف: 89] قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِي (117) فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا [الشعراء: 117-118] قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ(26) [سبأ:26] إِنْ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمْ الْفَتْحُ [الأنفال: 19]

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لا يَنفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلا هُمْ يُنْظَرُونَ(29)

اگر یوم الفتح سے مراد قیامت کے دن کفار کے درمیان فیصلہ ہونا ہو تب تو اس آیت میں کوئی اشکال نہیں اور اگر مراد دنیا میں فیصلہ کا دن ہو تب بظاہر اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب وہ اپنی آنکھوں سے موت کو دیکھ لیں اور قتل دیکھ لیں تب ایمان فائدہ نہ دے گا اس کی دلیل اللہ کا یہ قول ہے فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهِ مُشْرِكِينَ (84) فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ فِي عِبَادِهِ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ(85) [غافر: 84-85] وَلَيْسَتْ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ حَتَّى إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمْ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الآنَ [النساء: 18] حَتَّى إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنْتُ أَنَّهُ لا إِلـهَ إِلا الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنْ الْمُسْلِمِينَ(90) أَالآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنْ الْمُفْسِدِينَ (91) [يونس: 90-91] **اور جنھوں نے یوم الفتح سے فتح مکہ مراد لیا ہے وہ درست نہیں کیونکہ اس دن ایمان لانے نے فائدہ دیا**

وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنتَظِرُونَ(30)

دوسری جگہ فرمایا أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ(30) قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُمْ مِنْ الْمُتَرَبِّصِينَ(31) [الطور: 30-31] قُلْ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ [الأنعام: 158]

سورة الأحزاب

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلا تُطِعْ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ [1]

اس جیسی اور آیات وَلا تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَـهًا آخَرَ [الإسراء: 39] **کے تحت آچکی ہیں۔ اور اگرچہ یہاں خطاب خاص آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے لیکن مراد اس سے پوری امت کو حکم دینا ہے.**

وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمْ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ [4]

دوسری جگہ مزید وضاحت فرمائی الَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِنْكُمْ مِنْ نِسَائِهِمْ مَا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلا اللَّائِي وَلَدْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنْكَرًا مِنْ الْقَوْلِ وَزُورًا وَإِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ(2)وَالَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ذَلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ(3)فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا ذلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ(4) [المجادلة: 2-4]

وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ [6]

اس سے مراد کہ ازواج مطہرات کی حرمت اور احترام ماں کی طرح ہے نہ یہ کہ وہ حقیقی ماں کی طرح ہر حکم میں ہے اس کی دلیل یہ آیت ہے وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ [الأحزاب: 53] **جبکہ انسان اپنی ماں سے پردہ کا محتاج نہیں ایسے ہی** إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلا اللَّائِي وَلَدْنَهُمْ [المجادلة:2]

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنْ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ (7)

دوسری جگہ اس میثاق کی وضاحت فرمائی **وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُمْ مِنْ كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَى ذَلِكُمْ إِصْرِي قَالُوا أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُمْ مِنْ الشَّاهِدِينَ(81)فَمَنْ تَوَلَّى بَعْدَ ذلِكَ فَأُولئِكَ هُمْ الْفَاسِقُونَ(82) [آل عمران: 81-82]**

وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَأَخَذْنَا مِنْهُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا(7)

یہ خصوص بعد العموم ہے اور دوسری جگہ خاص ان پانچ نبیوں کے ساتھ کئے گئے میثاق کا ذکر ہے شَرَعَ لَكُمْ مِنْ الدِّينِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ [الشورى: 13]

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَجُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا [9]

دوسری جگہ فرمایا وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمْ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِينَ(25)ثُمَّ أَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنزَلَ جُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا [التوبة: 25-

[26] إلا تنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَمْ تَرَوْهَا [التوبة: 40] إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الاعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ(12) [الأنفال: 12]

وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الأحزاب قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ (22)

دوسری جگہ اس وعدہ کو صراحتا بیان فرمایا أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا حَتَّى يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ مَتَى نَصْرُ اللَّهِ أَلا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ(214) [البقرة: 214]

وَمَا زَادَهُمْ إِلا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا(22)

یہ آیت صریح ہے ایمان کے بڑھنے میں اور دوسری آیات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایمان بڑھتا ہے تو اس میں اختلاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں بنتی جیسے فرمایا لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَعَ إِيمَانِهِمْ [الفتح: 4] فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا [التوبة: 124]

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ [25]

دوسری جگہ اس کا سبب بھی بیان کیا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَجُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا [الأحزاب: 9]

يَانِسَاءَ النَّبِيِّ مَنْ يَأْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ [30]

اس کی وضاحت کرنے والی آیات وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ [النمل: 90] إِذًا لاذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ [الإسراء: 75] ***کے تحت گزر چکی ہے***

وَمَنْ يَقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ [31]

ایسے ہی دوسری جگہ اور لوگوں کے لئے بھی دواجروں کا وعدہ ہے وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمْ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ(51)الَّذِينَ آتَيْنَاهُمْ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِهِ هُمْ بِهِ يُؤْمِنُونَ (52) وَإِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ (53)أُولَئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ [القصص: 51-54] ***اس میں اہل کتاب میں سے ایمان لانے والوں کے لئے دواجروں کا وعدہ ہے ایسے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں تمام اطاعت کرنے والوں کے لئے دواجروں کا وعدہ ہے*** يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ [الحديد :28] ***اور اس آیت کا ظاہر مشیر ہے اس طرف کہ اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری امت مراد ہے خاص اہل کتاب کے ایمان والوں کے لئے نہیں ہے جیسے کہ بعض حضرات کی رائے ہے۔ کیونکہ قاعدہ یہی ہے کہ قرآن کو اس کے ظاہر متبادر پر رکھا جائے جب تک اس کے علاوہ پر دلیل قائم نہ ہو جائے لہٰذا جب تک اس پر دلیل قائم نہ ہو کہ اس سے اہل کتاب کے ایمان لانے والے مراد***

ہیں اس وقت تک یہ عام ہے۔ ابن کثیر نے فرمایا ہے جب اہل کتاب نے سورۃ القصص کی آیت میں دو اجروں کے وعدہ پر فخر کیا تو اس پر یہ آیات نازل ہوئیں اس امت کے حق میں جس میں دو اجروں کا وعدہ بھی تھا اور ساتھ ہی نور اور مغفرت کا اضافہ بھی تھا جس سے اس امت کو نصیحت ہو گئی

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا(33)

بعض دفعہ کچھ علماء کسی آیت کی تفسیر میں ایسا قول کہہ دیتے ہیں کہ نفس آیت میں کوئی قرینہ اس قول کے عدم صحت پر دلالت کرتا ہے۔ انہی میں سے ایک مثال یہ بھی کہ بعض علماء کہتے ہیں کہ اہل بیت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات داخل نہیں ہیں جب کہ سیاق و سباق سے صراحتا معلوم ہوتا ہے کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں شامل ہیں۔ جیسے کہ پہلے فرمایا قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ [الأحزاب: 28] **اور اسی خطاب کے تحت فرمایا** إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ [الأحزاب: 33] **اس کے بعد فرمایا** وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِي بُيُوتِكُنَّ [الأحزاب: 34] **لہٰذا زیادہ ظاہر یہی ہے کہ اہل بیت میں بیوی بھی داخل ہے اگرچہ اور افراد بھی داخل ہیں اس کی مزید دلیل یہ ہے** قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ رَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ [هود: 73] **ایسے ہی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل بیت میں حضرت علی، حضرت حسن، حضرت حسین اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں۔ جو ازواج مطہرات کو داخل نہیں مانتے وہ کہتے ہیں کہ اگر داخل ہوتیں تو ضمیر** لِيُذْهِبَ عَنْكُمْ **اور** وَيُطَهِّرَكُمْ **کی مونث ہوتی عنکن اور یطھرکن جبکہ ضمیر مذکر کی لائے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ ازواج مطہرات کے ساتھ حضرت علی، حضرت حسن، حضرت حسین رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں اور جب مذکر مونث جمع ہوں تو مذکر کو غلبہ دیا جاتا ہے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ آدمی کی بیوی کو اہل کہتے ہیں اور اہل کے لفظ کے اعتبار سے جمع مذکر کے ساتھ خطاب کیا جاتا ہے۔ جیسے** فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا [طه:10] سَآتِيكُمْ [النمل: 7] لَعَلِّي آتِيكُمْ [طه: 10] **اور ان جگہ میں بیوی ہی مراد ہے۔**

خلاصہ کلام یہ کہ جو اہل بیت میں ازواج مطہرات کو شامل نہیں کہتے صریح سیاق اور سباق قرآن ان پر رد کر رہا ہے اور بعض حضرت علی، حضرت حسن و حضرت حسین اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہم کو داخل نہیں مانتے ان پر حدیث سے رد ہوتا ہے۔ اور بعض علماء کی رائے ہے کہ اہل بیت سے ہر وہ رشتہ دار مراد ہیں جن پر صدقہ حرام ہے۔ واللہ اعلم اور قرآن میں فعل ارادۃ کے بعد لام مکسورۃ جس کے بعد مضارع ہو کثرت سے وارد ہے۔ جیسے کہ یہاں إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا(33) يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ [النساء: 26] يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ [الصف: 8] مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ [المائدة: 6] **اس لام مکسورۃ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں پہلا یہ کہ یہ مصدریۃ ہے ان کے معنی میں اور یہ قول غریب ہے۔ (۲) یہ لام کی ہے اور ارادۃ کا مفعول محذوف ہے تقدیری عبارت یہ ہے۔** إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ

عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ [الأحزاب: 33] **اور رجس ہر اس گندگی کو کہتے ہیں جس سے لوگوں کو گھن آئے اور سب سے زیادہ گندگی والی چیز اللہ تعالی کی نافرمانی ہے۔**

وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ [37]

[کہ اپنی بی بی زینب کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور معمولی باتوں پر نظر نہ کر اور خدا سے ڈرو یعنی اس کے حقوق میں کوتاہی نہ کر۔ آپ اپنے دل میں وہ بات بھی چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ آخر میں ظاہر کرنے والا ہے کہ اگر زید نے طلاق دی تو میں خود نکاح کر لوں گا اور آپ لوگوں کے طعن سے اندیشہ کرتے تھے اس وقت تک اس کی دینی مصلحت ذہن مبارک میں نہ ہو گی۔ اور ڈرنا تو آپ کو خدا ہی سے زیادہ سزاوار تھا۔ { بیان القرآن مولانا ظفر احمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ }]

بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے دل میں حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی محبت اور ان سے نکاح کا ارادہ چھپایا ہوا تھا اس کی طرف اشارہ ہے لیکن بظاہر قرآن کی آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو اللہ تعالی نے بتادیا تھا کہ آپ کا نکاح حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے ہوگا۔ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ان کو طلاق دیں گے۔ پھر جب حضرت زید نے آپ کے پاس حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا امسک علیک زوجك اور اصل بات جو معلوم تھی کہ طلاق ہو گی اور آپ کے نکاح میں آئے گی اس کو چھپایا { یعنی ظاہر نہ کیا } ۔ اور یہ بھی ڈر ہوا کہ لوگ کہیں گے کہ اپنے متبنی کی بیوی سے شادی کر لی۔ اور اس پر دو دلیلیں موجود ہیں۔ ایک تو یہی آیت کہ اس میں فرمایا مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ **اور اللہ نے آپ کا نکاح ہو جانے کو تو ظاہر کیا** زَوَّجْنَاكَهَا **فرما کر لیکن آپ کا اپنے دل میں اس کی محبت چھپا کر رکھنا اس کو کہیں ظاہر نہیں کیا۔ اگر بات یہی ہوتی تو اس کو** مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ **کے پیش نظر ظاہر فرماتے۔ دوسری دلیل کہ اللہ تعالی نے خود تصریح فرمائی کہ ہم نے آپ کا نکاح زینب رضی اللہ عنہا سے ایک حکمت کے تحت کرایا کہ متبنی کی بیوی سے نکاح کو حرام سمجھنا ختم ہو جائے۔ جیسے کہ فرمایا**

1. فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا [الأحزاب: 37]

اور اگر زید رضی اللہ عنہ کا طلاق دینا اس وجہ سے ہوتا کہ آپ ان سے نکاح کرنا چاہتے تھے تو فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِنْهَا وَطَرًا [الأحزاب: 37] **نہ فرماتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنی حاجت نہ رہنے پر طلاق دی تھی کسی اور وجہ سے نہیں دی تھی۔ واللہ اعلم بالصواب**

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا (41)

دوسری جگہ فرمایا فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَى جُنُوبِكُمْ [النساء: 103] الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَى جُنُوبِهِمْ [آل عمران: 191] وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ [الأحزاب: 35]

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا (47)

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الكَبِيرُ(22) [الشوری: 22]

وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ [53]

یہاں پر بھی بعض حضرات کی رائے ایسی ہے کہ خود کلام میں اس کے صحیح نہ ہونے پر قرینہ موجود ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ حکم صرف ازواج مطہرات کے لئے خاص ہے جبکہ اگلا جملہ ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت عام ہے کیونکہ یہ علت ہے اور یہ تمام مسلمات میں پائی جاتی ہے بلکہ عام مسلمان تو زیادہ محتاج ہیں دل کو پاک کرنے کے بنسبت ازواج مطہرات کے۔ خلاصہ کلام یہ کہ حجاب جیسے ازواج مطہرات کے لئے واجب اور ضروری ہے ایسے ہی ساری عورتوں کے لئے ضروری ہے قرآن سے بہت ساری دلیلیں عورت کے پردہ کی اور پورے بدن حتی کہ چہرے تک کو ڈھکنے کی ملتی ہیں۔ فرمایا

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ المُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلابِيبِهِنَّ ذَلِكَ أَدْنَى أَن يُعْرَفْنَ فَلا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً [الأحزاب: 59]

اور کئی علماء نے يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلابِيبِهِنَّ سے پورے چہرے کو ڈھانپنا سوائے ایک آنکھ کے تاکہ دیکھ سکے مراد لیا ہے۔ ابن مسعود، ابن عباس اور عبیدہ سلمانی وغیرہ حضرات کا یہی قول ہے۔ جو حضرات حجاب کے قائل نہیں ہیں وہ کہتے ہیں اس آیت میں چہرے کو چھپانے پر کوئی قرینہ ودلالت موجود نہیں لیکن ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ قرینہ موجود ہے ایک تو یہ کہ اس میں قل لازواجک فرمایا اور سب کے نزدیک ازواج مطہرات کے لئے حجاب کا حکم تھا چہرہ چھپانے کا حکم تھا پھر اسی کے بعد وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ المُؤْمِنِينَ کو ملایا معلوم ہوا کہ سب کے لئے یہی حکم ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ سورۃ النور میں فرمایا

وَلا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلا مَا ظَهَرَ مِنْهَا [النور: 31]

میں زینۃ سے کپڑوں کے اوپر سے جو زینت ظاہر ہو جسم کے کسی حصہ کی زینت مراد نہیں جس کی وضاحت اور قرآنی آیات سے تائید اس آیت کے تحت سورۃ النور میں گزر چکی ہے۔ لہٰذا الا ما ظھر منھا سے وجہ اور کفین مراد لینا درست نہیں مخالفین اگر اگلے جملے ذلک ادنی ان یعرفن سے استدلال کریں کہ اس سے معلوم ہے کہ یہ حکم اس لئے کہ وہ پہچانیں جائیں اور پہچانے جانے کے لئے چہرے کا کھلا ہونا چاہئے لہٰذا چہرہ حجاب کے حکم میں داخل ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت کا شان نزول وضاحت کرتا ہے کہ اس سے مراد یہ نہیں وہ یہ کہ عورتیں حضور کے زمانے میں رات کو قضائے حاجت کے لئے نکلتی تھیں تو بعض فساق باندیوں کو تنگ کرتے تھے اور آزاد عورتوں کو نہیں چھیڑتے تھے بعض عورتیں اس حالت میں نکلتیں کہ ان کے اور باندیوں کے درمیان فرق نہ ہوتا تھا جس پر ان کو بھی فساق نے چھیڑا اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ وہ پورا حجاب کریں چہرہ بھی چھپائیں تاکہ فساق پہچان سکیں کہ یہ

آزاد عورتیں ہیں باندیاں نہیں ہیں تو معرفۃ سے صفت کی معرفۃ ہے ذات کی نہیں۔ باقی باندیوں کو چھیڑنا بھی جائز نہیں اس کا سد باب اور اسباب سے کہا گیا۔

لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلا قَلِيلاً(60)مَلْعُونِينَ أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلاً(61) [الأحزاب: 60-61]

مزید تفصیل کے لئے اصل کی طرف رجوع کریں۔

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنْ السَّاعَةِ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللَّهِ [63]

انما سے حصر کا فائدہ ہو رہا ہے اور اس کی وضاحت اور آیات سے بھی ہوتی ہے۔ إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ[لقمان: 34] يَسْأَلُونَكَ عَنْ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي لا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لا تَأْتِيكُمْ إِلا بَغْتَةً يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللَّهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لا يَعْلَمُونَ(187) [الأعراف: 187] يَسْأَلُونَكَ عَنْ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا(42)فِيمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا(43)إِلَى رَبِّكَ مُنتَهَاهَا(44) [النازعات: 42-44] إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ [فصلت: 47]

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا(63)

دوسری جگہ فرمایا وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ(17)[الشورى: 17] اقْتَرَبَتْ السَّاعَةُ [القمر: 1] اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُعْرِضُونَ(1) [الأنبياء: 1] أَتَى أَمْرُ اللَّهِ فَلا تَسْتَعْجِلُوهُ [النحل: 1]

إِنَّا عَرَضْنَا الأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا (72)

جمادات کی طرف ادراک کی نسبت اور مقامات پر بھی ہے جیسے وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ [البقرة: 74] تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلَكِنْ لا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ [الإسراء: 44] وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُودَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ [الأنبياء: 79] **ایسے ہی احادیث سے کھجور کے تنہ کا رونا پتھر کا آپ کو سلام کرنا کنکریوں کا کلمہ شہادت پڑھنا وغیرہ امور کا ذکر آیا ہے۔ تو ان چیزوں میں ادراک موجود ہے جس کا علم اللہ کو ہے ہم کو نہیں۔**

وَحَمَلَهَا الإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولاً(72)

وَحَمَلَهَا الإِنْسَانُ **میں بظاہر آدم علیہ السلام مراد ہیں۔ لیکن** إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولاً **صرف لفظ انسان کی طرف لوٹ رہا ہے آدم علیہ السلام کی طرف نہیں لوٹ رہا۔ یعنی انسان میں جو اس امانت کو پورا نہ کرے وہ ظلوم اور جہول ہے اس پر اگلی آیت** لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ الخ **شاھد ہے۔ ایسے ہی قرآن میں ضمیر کا ظاہر لفظ کی طرف لوٹانا اس کے مرادی معنی کا لحاظ کئے بغیر استعمال ہوا ہے۔ جیسے**

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُعَمَّرٍ وَلا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلا فِي كِتَابٍ [فاطر: 11]

یہاں عمرہ کی ضمیر معمر کے لفظ کی طرف راجع ہے اس کا تفصیلی معنی کی رعایت کئے بغیر اور بعض حضرات نے إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولاً **سے آدم علیہ السلام مراد لئے ہیں۔ یعنی وہ اس امانت کے اٹھانے پر آنے والی مشکلات اور اس کو ادانہ کرنے کی صورت میں آنے والے عذابات سے لاعلم تھے زیادہ ظاہر وہی ہے جو پہلے ذکر کر چکے واللہ اعلم**

سورة سبأ

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنزِلُ مِنْ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ الرَّحِيمُ الْغَفُورُ(2)

دوسری جگہ فرمایا أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنْ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الأَرْضِ [الزمر: 21] وَأَنزَلْنَا مِنْ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنَّاهُ فِي الأَرْضِ [المؤمنون: 18] مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ [طه: 55] أَلَمْ نَجْعَلْ الأَرْضَ كِفَاتًا (25) أَحْيَاءً وَأَمْوَاتًا(26) [المرسلات: 25-26] وَلا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الأَرْضِ وَلا رَطْبٍ وَلا يَابِسٍ إِلا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ(59) [الأنعام: 59] إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ [فاطر: 10] تَعْرُجُ الْمَلائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ(4) [المعارج: 4]

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لا تَأْتِينَا السَّاعَةُ [3]

دوسری جگہ فرمایا زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ لَنْ يُبْعَثُوا قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ [التغابن: 7] وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لا يَبْعَثُ اللَّهُ مَنْ يَمُوتُ [النحل: 38] وَضَرَبَ لَنَا مَثَلاً وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ [يس: 78] وَيَقُولُ الإنسَانُ أَئِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا [مريم: 66] وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ [الأنعام:29] وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ(35) [الدخان: 35]

قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ [3]

تین مقامات پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قسم کھا کر معاد بیان کرنے کا حکم دیا ہے جس میں ایک یہ ہے دوسری جگہ فرمایا وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ(53) [يونس: 53] **اور تیسری جگہ** زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ لَنْ يُبْعَثُوا قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ [التغابن: 7]

عَالِمِ الْغَيْبِ لا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلا فِي الأَرْضِ وَلا أَصْغَرُ مِنْ ذَلِكَ وَلا أَكْبَرُ إِلا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ(3)

دوسری جگہ فرمایا وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُوا مِنْهُ مِنْ قُرْآنٍ وَلا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الأَرْضِ وَلا فِي السَّمَاءِ وَلا أَصْغَرَ مِنْ ذَلِكَ وَلا أَكْبَرَ إِلا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ(61) [يونس: 61] وعِندَهُ مَفَاتِحُ الغَيْبِ لا يَعْلَمُهَا إِلاَّ هُوَ ويَعْلَمُ مَا فِي البَرِّ والْبَحْرِ ومَا تَسْقُطُ مِن ورَقَةٍ إِلاَّ يَعْلَمُهَا ولا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الأَرْضِ ولا رَطْبٍ ولا يَابِسٍ إِلاَّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ [الانعام: 59]

وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ أَلِيمٌ(5)

دوسری جگہ عذاب کی وضاحت فرمائی وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ [الحج: 51] فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا [البقرة: 59]

أَفَلَمْ يَرَوْا إِلَى مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ [9]

دوسری جگہ فرمایا أَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ(6)وَالأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ(7)تَبْصِرَةً وَذِكْرَى لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ(8) [ق: 6-8] أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ وَأَنْ عَسَى أَنْ يَكُونَ قَدْ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ [الأعراف: 185] وَكَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ(105) [يوسف: 105]

إِنْ نَشَأْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ [9]

دوسری جگہ فرمایا ءَأَمِنتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمْ الأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ(16) [الملك: 16] أَفَأَمِنتُمْ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ [الإسراء: 68] لَوْلا أَنْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا [القصص: 82] أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ [الأنعام: 65]

أَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ [9]

دوسری جگہ فرمایا أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا [الإسراء: 92]

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ مِنَّا فَضْلاً يَا جِبَالُ أَوِّبِي مَعَهُ وَالطَّيْرَ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ [10]

دوسری جگہ فرمایا وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَآتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ [البقرة: 251] وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ(20) [ص: 20] وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ(30) [ص:30] فَغَفَرْنَا لَهُ ذَلِكَ وَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا لَزُلْفَى وَحُسْنَ مَآبٍ(25) [ص:25] وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا وَقَالا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَى كَثِيرٍ مِنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ(15) [النمل: 15] وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيِّينَ عَلَى بَعْضٍ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا(55) [الإسراء: 55]

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ [24]

دوسری جگہ فرمایا قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنْ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالابْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنْ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنْ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الامْرَ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ [يونس: 31]

قُلِ اللهُ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَى هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (24)

وَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ لِي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ أَنْتُمْ بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِمَّا تَعْمَلُونَ(41) [يونس: 41] قُلْ يَاأَيُّهَا الْكَافِرُونَ(1)لا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ(2)وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ(3)وَلا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدتُّمْ(4)وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ(5)لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ(6) [الكافرون: 1-6] قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ

وَاشْهَدُوا أَنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ(54)مِنْ دُونِهِ فَكِيدُونِي جَمِيعًا ثُمَّ لا تُنْظِرُونِ(55) [هود: 54-55]

قُلْ أَرُونِي الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ بِهِ شُرَكَاءَ كَلَّا بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ(27)

دوسری جگہ فرمایا إِنْ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ إِلا إِنَاثًا [النساء:117] وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ قُلْ سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لا يَعْلَمُ فِي الأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ مِنْ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنْ السَّبِيلِ وَمَنْ يُضْلِلْ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ [الرعد: 33]

وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنَاهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ(45)

دوسری جگہ فرمایا كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الأَرْضِ [غافر: 82] وَأَثَارُوا الأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا [الروم: 9]

سورة فاطر

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلائِكَةِ رُسُلاً أُولِي أَجْنِحَةٍ مَثْنَى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ [1]

دوسری جگہ فرمایا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ [الأنعام: 1] الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ [سبأ : 1] الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ(2) [الفاتحة: 2] وَسَلامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ (181) وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِين [الصافات: 181-182] وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ(75) [الزمر: 75] وَسَخَّرَ لَكُمْ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ [إبراهيم: 33] وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلا لَهُ الْخَلْقُ وَالامْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ(54) [الأعراف: 54]

مَا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَحْمَةٍ فَلا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلا مُرْسِلَ لَهُ مِنْ بَعْدِهِ [2]

دوسری جگہ فرمایا فَانظُرْ إِلَى آثَارِ رَحْمَةِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِي الأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا [الروم: 50] وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ [الأعراف: 57] وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُ [الشورى: 28] وَمَا كُنتَ تَرْجُوا أَنْ يُلْقَى إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ [القصص: 86] فَوَجَدَا عَبْدًا مِنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنَا [الكهف: 65] وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلا كَاشِفَ لَهُ إِلا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلا رَادَّ لِفَضْلِهِ [يونس: 107] قُلْ مَنْ ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُمْ مِنْ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً [الأحزاب: 17] وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلا كَاشِفَ لَهُ إِلا هُوَ وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(17) [الأنعام: 17]

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ [3]

دوسری جگہ فرمایا أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ [الرعد: 16] وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ آلِهَةً لا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ [الفرقان: 3]

يَرْزُقُكُمْ مِنْ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ [3]

دوسری جگہ فرمایا أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ [الملك: 3] فَابْتَغُوا عِنْدَ اللَّهِ الرِّزْقَ [العنكبوت: 17] إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ [الإسراء: 9]

وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ(4)

دوسری جگہ فرمایا وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَى مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّى أَتَاهُمْ نَصْرُنَا [الأنعام: 34] مَا يُقَالُ لَكَ إِلا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ [فصلت: 43]

إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ عَدُوًّا إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ(6)

اس کی وضاحت كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ(4) [الحج: 4] **کے تحت گزر چکی ہے**

فَلا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ [8]

اس کی وضاحت قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ [الأنعام: 33] **اور** فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَفْسَكَ عَلَى آثَارِهِمْ [الكهف: 6] **کے تحت گزر چکی ہے**

مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا [10]

دوسری جگہ فرمایا وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللهِ آلِهَةً لِيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا(81) كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا(82) [مريم: 81-82] الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا(139) [النساء: 139] وَلا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ(65) [يونس: 65] يَقُولُونَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الاعَزُّ مِنْهَا الاذَلَّ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ [المنافقون: 8] سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ(180) [الصافات: 180]

وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَكْرُ أُوْلَئِكَ هُوَ يَبُورُ [10]

اس کی وضاحت وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَنْ نَكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَنْدَادًا [سبأ: 33] وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا (22) وَقَالُوا لا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلا سُوَاعًا وَلا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا (23) [نوح: 22-23]

وَاللهُ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجاً [11]

دوسری جگہ فرمایا يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِنْ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ تُرَابٍ [الحج:5] **کے تحت گزر چکی ہے**

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَى وَلا تَضَعُ إِلا بِعِلْمِهِ [11]

دوسری جگہ فرمایا اللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَى وَمَا تَغِيضُ الارْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ(8) [الرعد: 8]

وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ [12]

دوسری جگہ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ [الفرقان: 53] **کے تحت اس کی وضاحت ہو چکی ہے**

وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا [12]

اس کی وضاحت وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا [النحل: 14] **کے تحت ہو چکی ہے**

إن تَدْعُوهُمْ لا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ ولَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ ويَوْمَ القِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ولا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ [14]

اس کی وضاحت كَلاَّ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ ويَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِداً [مريم: 82] **میں گزر چکی ہے**

يَاأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمْ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ(15)

دوسری جگہ فرمایا وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنْتُمْ الْفُقَرَاءُ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ [محمد: 38] فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوْا وَاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ(6) [التغابن: 6] وَقَالَ مُوسَى إِنْ تَكْفُرُوا أَنْتُمْ وَمَنْ فِي الأَرْضِ جَمِيعًا فَإِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ(8) [إبراهيم: 8] **اس سے ان لوگوں کا قول من گھڑت ہونا معلوم ہوگیا جنھوں نے کہا** لَقَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ فَقِيرٌ ونَحْنُ أَغْنِيَاءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوا وقَتْلَهُمُ الأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ونَقُولُ ذُوقُوا عَذَابَ الحَرِيقِ (ال عمران 181)

إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ(16)وَمَا ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ(17)

اس کی وضاحت إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ وَيَأْتِ بِآخَرِينَ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى ذَلِكَ قَدِيرًا(133) [النساء: 133] **کے تحت گزر چکی ہے**

وَلا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى [18]

اس کی وضاحت وَلا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولاً(15) [الإسراء: 15] **کے تحت گزر چکی ہے**

وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَى حِمْلِهَا لا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ [18]

اس کی وضاحت لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلا سَاءَ مَا يَزِرُونَ(25) [النحل: 25] **کے تحت گزر چکی ہے**

إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلاةَ [18]

دوسری جگہ فرمایا وَسَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لا يُؤْمِنُونَ(10)إِنَّمَا تُنذِرُ مَنْ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَانَ بِالْغَيْبِ [يس: 10-11] إِنَّمَا أَنْتَ مُنذِرُ مَنْ يَخْشَاهَا(45) [النازعات: 45] فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ(45) [ق: 45] **مزید تفصیل** فَلا يَكُنْ فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ(2) [الأعراف: 2] **کے تحت گزر چکی ہے**

وَمَا يَسْتَوِي الاعْمَى وَالْبَصِيرُ(19)

اس کی وضاحت مَثَلُ الْفَرِيقَيْنِ كَالاعْمَى وَالاصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ [هود: 24] **کے تحت گزر چکی ہے**

وَمَا يَسْتَوِي الاحْيَاءُ وَلا الامْوَاتُ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ(22)

اس آیت میں احیاء سے مراد ایمان والے اور الاموات سے مراد کفار ہیں حیاۃ سے حیاۃ ایمانی اور موت سے موت کفر مراد ہے۔ جیسے کہ دوسری جگہ فرمایا أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا [الأنعام: 122] لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ [يس: 70]

سورة يس

وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ(2)إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ(3)

تاکید سے آپ کا رسولوں میں سے ہونے کو بیان کرنے کا سبب کفار کا اس سے منکر ہونا تھا جیسے وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلاً قُلْ كَفَى بِاللَّهِ شَهِيداً بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِندَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ [الرعد: 43] **باقی اس کی وضاحت** تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ [البقرة: 252] **کے تحت گزر چکی ہے**

لِتُنذِرَ قَوْمًا مَا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ(6)

اس کی وضاحت وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولاً(15) [الإسراء: 15] **کے تحت گزر چکی ہے**

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لا يُؤْمِنُونَ(7)

دوسری جگہ فرمایا وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُمْ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمْ الْقَوْلُ [فصلت: 25] قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمْ الْقَوْلُ رَبَّنَا هؤُلاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا [القصص: 63] وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ [يس:70] فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُونَ(31) [الصافات: 31] إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لا يُؤْمِنُونَ(96)وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّى يَرَوْا الْعَذَابَ الالِيمَ(97) [يونس: 96-97] قَالُوا بَلَى وَلَكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ(71) [الزمر: 71] **اور قول اور کلمة سے مراد اللہ کا یہ قول ہے** لامْلانَّ جَهَنَّمَ مِنْ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ(119) [هود: 119] [السجدة:13] **اس پر یہ آیات دلالت کرتی ہیں** وَلا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ(118)إِلا مَنْ رَحِمَ رَبُّكَ وَلِذلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لامْلانَّ جَهَنَّمَ مِنْ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ(119) [هود: 118-119] وَلَوْ شِئْنَا لاتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لامْلانَّ جَهَنَّمَ مِنْ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ(13) [السجدة: 13] قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ(84)لامْلانَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ (85) [ص: 84-85] **اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوزخ والوں کی تعداد زیادہ ہوگی اس کو صراحتاً بھی ذکر کیا ہے** وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لا يُؤْمِنُونَ(17) [هود:17] [الرعد: 1] [غافر: 59] وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ(103) [يوسف: 103] وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الاوَّلِينَ(71) [الصافات: 71] إِنَّ فِي ذلِكَ لايَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ(8) [الشعراء: 8-67-103-121-174-190]

إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلالاً فَهِيَ إِلَى الاذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ(8)وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لا يُبْصِرُونَ(9)

